© rasailojaraid.com

اشاعتِ جدید کا اعلان کیا تو جناب محمد اسلم رانا نے اس سے پہلے کہ کتاب چھپے، اپنا نقطۂ نظر پیش کر دیا ہے۔ رانا صاحب ایک عرصے سے مطالعۂ مسیحیت سے دلچسپی رکھتے ہیں اور مناظرانہ ذوق رکھنے والے ان کی تحریروں اور اندازِ تحریر سے بخوبی واقف ہیں۔

کتابچے کی قیمت دس روپے ہے اور "اسلامی مشن - سنت نگر - لاہور" سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ (ادارہ)

---

# مراسلت

## حسن معزالدین قاضی

لاہور

"قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ نے عیسائیت پر اپنے وقت کے پادری صاحبان سے مکالمے کیے اور ان سے متاثر ہونے والے مسلمانوں سے بھی۔ قاضی صاحب کے مکاتیب اور خطبات (جو متعدد بار شائع ہو چکے ہیں۔) میں یہ تاریخی ریکارڈ محفوظ ہے۔ رحمۃ للعالمین جلد اوّل میں بھی نفسِ مضمون کو درج کیا گیا ہے۔

ان کے سوانح حیات اہلِ خانہ نے مرتّب کر کے عبدالمجید سوہدروی صاحب کو دیے تھے جنھوں نے کئی برس تک اشتہار دیا کہ "سیرتِ سلمان" شائع ہو چکی ہے گو وہ کبھی شائع نہ کر سکے تھے۔ ان کے انتقال کے بعد اس کا مسوّدہ بھی ان کی اولاد سے نہ مل سکا لہذا اہلِ خانہ نے ازسرِ نو سیرت کو مرتّب کیا اور قاضی صاحب کی تصنیف "سفرِ حجاز" (تاریخ الحرمین) جو نایاب ہو چکی تھی، اسے دوبارہ شائع کرتے ہوئے سوانحِ حیات کو شاملِ کتاب کر دیا۔

--- نذیر قیصر کی نعت گوئی پر آپ کی رائے مکمل [طور پر] درست نہیں کہ پوپ نے اسلام اور اہل اسلام کے بارے میں کوئی کلمۂ خیر کہہ کر اپنے ۱۹۶۲ سال پرانے عقیدہ سے رجوع نہیں کر لیا کہ "نجات صرف مسیحیت میں ہے۔" اب چرچ کا یہ فتویٰ ہے کہ "نجات اسلام میں بھی ہے۔" دستاویزات کی نقل آپ کو بھیج سکتا ہوں۔"

[مذکورہ بالا گرامی نامے کے بعد جناب حسن معزالدین قاضی نے ہمیں ویٹیکن کانفرنس دوم کی دستاویز (انگریزی متن) کا وہ حصہ بھی بھجوا دیا ہے جس میں اسلام اور دوسرے مذاہب میں کانفرنس کا نقطۂ نظر بیان کیا گیا ہے۔ زیر نظر شمارے میں اس دستاویز سے متعلق ایک تحریر شامل کی جا رہی ہے۔ مدیر]



© rasailojaraid.com